PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

خسارے کا شکار پاکستان کا دوسری اننگز میں پراعتماد آغاز

لاہور،20دسمبر2019ء:

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری دوسرے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کھیل کے اختتام پر میزبان ٹیم نے بغیر کسی نقصان کے 57 رنزبنالیے ہیں۔ اس سے قبل سری لنکا کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 271 رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔

مہمان ٹیم کی جانب سے اینجلو میتھیوز اور ایمبلدینیا نے3وکٹوں کے نقصان پر 64 رنزسے میچ کے دوسرے روز کھیل کادوبارہ آغاز کیا تو انہیں پہلی اننگز میں پاکستان کی برتری ختم کرنےکےلیے مزید 127 رنز درکار تھے تاہم دونوں کھلاڑی زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکےاور 13،13رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔

سینئر بیٹسمین دنیش چندی مل نے کریز سنبھالی اور بہتر کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے نصف سنچری اسکور کی۔ دنیش چندی مل نے دھنن جایا ڈی سلوا اور دلروان پریرا کے ہمراہ بالترتیب 67 اور 51 رنز کی شراکت قائم کی۔ دلروان پریرانے 48 اور دھنن جایا ڈی سلوانے 32 رنز بنائے۔

سری لنکا کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 85.5اوورز میں 271 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستان کی جانب سے شاہین شاہ آفریدی نے77رنز دے کر5اور محمد عباس نے55رنز دے کر4کھلاڑیوں کوپویلین کی راہ دکھائی۔

پاکستان نے 80رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کیاتو عابد علی اور شان مسعود پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے پراعتماد کھیل پیش کیا۔پاکستان نے 14 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے57 رنز بنالیے ہیں۔ دن کے اختتام پر عابد علی 32اور شان مسعود 21 رنزبناکر ناٹ آؤٹ ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم تاحال 23 رنز کے خسارے کا شکار ہے۔

اس سے قبل پاکستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں191 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk